# تعارف

# سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ

# سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ

قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِىْ تُجَادِلُكَ فِىْ زَوْجِهَا وَ تَشْتَكِىْٓ اِلَى
اللّٰهِ ۖ وَ اللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ
(١)

اَلَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ نِّسَآئِهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ؕ اِنْ
اُمَّهٰتُهُمْ اِلَّا الّٰٓـِٔىْ وَلَدْنَهُمْ ؕ وَ اِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ
الْقَوْلِ وَ زُوْرًا ؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ (٢)

# سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ

- نام - الْمُجَادَلَةِ بھی اور الْمُجَادِلَةِ
- نزول :
  - مدنی سورۃ
  - غزوۂ احزاب ( شوال ۵ھ ) کے بعد نازل ہوئی
- موضوع اور مباحث :
  - اسلامی معاشرے یا جماعت کو درپیش مسائل اور چیلنجز کے متعلق ہدایات

# سُوۡرَةُ الۡمُجَادَلَةِ

- مُجَادَلَةِ ۔ بحث و تکرار
- مُجَادِلَةِ ۔ بحث و تکرار کرنے والی ( عورت )
- جدل : (لڑائی جھگڑا، استدلال disputation ) جنگ وجدل
- جدلی جدل کی طرف منسوب، (استدلال) جو جدل پر مشتمل ہو
- جدلیات : افکار و خیالات کی سچائی دریافت کرنے کا فن، بحث و مباحثے کے ذریعے سے سچائی کی چھان پھٹک
- (جدید فلسفہ میں ) تنقید مابعد الطبیعات، مابعدالطبیعی مسائل کے قضیوں کی بحث

# سُوۡرَةُ الۡمُجَادَلَةِ

- **جَدلِیاتی مادِیّت** : وہ مکتب فکر جس کے بانی کارل مارکس اور فریڈرک اینگلز۔-مادہ ذہن سے افضل ہے
- ذہن از خود مادہ کی ایک ترقی یافتہ شکل ہے زمان و مکان مادے کی صورتیں ہیں
- کارل مارکس نے یہ نتائج اخذ کرنے کے لیے ایک نئے نظریے کی ترتیب دی جسے جدلیاتی مادیت *Dialectical* materialism کا نظریہ کہتے ہیں

# سُوۡرَةُ الۡمُجَادَلَةِ

- ظہار : زمانہء جاہلیت کی ایک فرسودہ رسم
- یہ ایک ایسی طلاق تھی جس میں رجوع کا امکان بھی نہ ہوتا تھا
- شوہر اپنی بیوی کو ماں سے تشبیہ دیکر ہمیشہ کے لیئے حرام کرلیتا
- حضرت خولہؓ کے شوہر نے بڑھاپے میں ظہار کیا
- انہوں نے اللہ سے اسکی فریاد کی اور اسکی شکایت اللہ نے سن لی
- ظہار کے احکامات

# حضرت خولہ بنت ثعلبہ رضی اللہ عنہا

- حضرت أَوْس بْن الصَّامِت کی زوجہ محترمہ
- جن کا تعلق مدینہ میں انصار کے خزرج قبیلہ سے
- حضرت أَوْس بْن الصَّامِت عُبَادَة بْن الصَّامِت کے بھائی
- حضرت خولہؓ اور حضرت عمرؓ - جب آپ دیر تک ایک بوڑھی عورت کی باتیں سنتے رہے......
- يَا أَمِير الْمُؤْمِنِينَ أَتَقِفُ لِهَذِهِ الْعَجُوز هَذَا الْوُقُوف ؟ فَقَالَ : **وَاَللَّه لَوْ حَبَسَتْنِي مِنْ أَوَّل النَّهَار إِلَى آخِره لَا زِلْت إِلَّا لِلصَّلَاةِ الْمَكْتُوبَة** , أَتَدْرُونَ مَنْ هَذِهِ الْعَجُوز ؟ هِيَ خَوْلَة بِنْت ثَعْلَبَة سَمِعَ اللَّه قَوْلهَا مِنْ فَوْق سَبْع سَمَوَات , أَيَسْمَعُ رَبّ الْعَالَمِينَ قَوْلهَا وَلَا يَسْمَعهُ عُمَر ؟

# سُوۡرَۃُ الۡمُجَادَلَۃِ کا کتابی ربط

- پچھلی سورۃ ( سورۃ الحدید ) میں بیرونی دشمنوں سے مال اور جان سے جہاد کرکے عدل وانصاف کے قیام کو یقینی بنانے کا حکم تھا
- اس سورۃ ( سورۃ المجادلۃ ) میں اندرونی دشمنوں ( منافقین ) کو پہچاننے کی ہدایت جنہیں اس سورۃ میں حزب الشیطان کہا گیا اور ان کی صفات تفصیل سے بیان کی گئی ہیں

# مرکزی مضمون

- تکمیل انقلاب کے لیئے ایمانی محاذ، عائلی محاذ، اور اخلاقی محاذ سب پر کامیابیاں شرطِ اول ہیں
- انہی کے نتیجے میں عسکری اور ساسی فتوحات حاصل ہو سکتی ہیں
- عائلی محاذ پر فرسودہ جاہلی رسومات پر کا خاتمہ تاکہ سماجی عدل قائم ہو
- ایمانی محاذ پر ثابت قدمی کے لیئے اللہ کے صفات کی معرفت ضروری۔ خفیہ پروپیگنڈہ (نجویٰ) کرنے والے جان لیں اللہ کو سب خفیہ سازشوں اور سرگرمیوں کا علم ہے
  - خفیہ پروپیگنڈہ (نجویٰ) معاشرے کھوکھلا اور ریاست کو کمزور کرتا ہے

# مرکزی مضمون

- اخلاقی محاذ پر فتوحات کے لیئے رسولِ اکرم ﷺ کی مکمل اطاعت اور آدابِ مجلس کا خیال رکھنا ضروری اور لازمی۔
- اسی کے نتیجے میں اعلیٰ درجات کا حصول
- عسکری محاذ پر اس وقت کامیابی ہو گی جب منافقت ترک کر دی جائے ، یہودیوں سے دوستی ختم کر کے حزب الشیطان کو چھوڑ کے حزب اللہ میں شرکت اختیار کر لی جائے

## پہلا پیراگراف

آیت 1-4

- عائلی قوانین میں حدود اللہ کی پاسداری
- اسلام کے بعد جاہلیت کے طور طریقے۔ کالعدم

## دوسرا پیراگراف

آیت 4-13

- اسلامی ریاست کے مخالف منافقین کی سرگرمیوں کا نوٹس + مسلمانوں کو مجلسی آداب کی تعلیم

## تیسرا پیراگراف

آیت 14 - 22

- حزب اللہ کی کامیابی اور حزب الشیطان کی ناکامی کی بشارت

# سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ

- معاشرتی مسائل کی تعلیم
- مسلمانوں کی جماعت ( حزب اللہ ) کو مضبوط کرنے کی ہدایات ( جو اس زمانے کی سورتوں کا خاصہ ہیں )
- **مسلمانوں کو بہت سخت انتباہ** اسلام کے بعد بھی جاہلیت کے طریقوں پر قائم رہنا اور اللہ کی مقرر کی ہوئی حدوں کو توڑنا، یا ان کی پابندی سے انکار کرنا، یا ان کے مقابلہ میں خود اپنی مرضی سے کچھ اور قاعدے اور قوانین بنا لینا، قطعی طور پر ایمان کے منافی حرکت ہے
- اس کی سزا دنیا میں ذلت و رسوائی - اور آخرت میں اس پر سخت بازپرس
- منافقین کی روش پر سخت گرفت- (انکی سازشیں، خفیہ سرگرمیاں، اندر کا بغض)

# سُوۡرَۃُ الۡمُجَادَلَۃِ

- مسلمانوں کو مجلسی تہذیب کے کچھ آداب سکھائے گئے ہیں
- بعض معاشرتی عیوب کو دور کرنے کے لیے ہدایات دی گئی ہیں
- مسلم معاشرے میں مخلص اہل ایمان، منافقین اور مذبذبین سب ملے جلے تھے، انہیں دوٹوک طریقے سے بتایا گیا کہ دین میں آدمی کے مخلص ہونے کا معیار کیا ہے
- اسلام کے دشمنوں سے دوستی رکھتے والے، اپنے مفاد کی خاطر اس دین سے غداری کرنے والے اللہ نے انہیں حزب الشیطان قرار دیا
- اللہ کے دین کے معاملے میں، خود اپنے باپ، بھائی، اور اولاد اور خاندان تک کی پروانہ کرنے والے
- اللہ نے انہیں اپنی پارٹی کے لوگ قرار دیا - حِزبُ اللہ

# سُورَةُ الْمُجَادَلَةِ

- ہر مشکل کی کنجی اللہ تعالیٰ سے مدد و استعانت
- اسلام کے سبب کوئی مشکل پیش آئے تو صحیح طرز عمل کیا ہے؟
- مادی مسائل کے علاوہ، شخصی، اجتماعی یا روحانی مسائل میں بھی رجوع اللہ کی طرف
- اللَّهُمَّ إِنِّي أَشْكُو إِلَيْك فَاقَتِي وَشِدَّةَ حَالِي اَللهُمَّ فَأنْزِل عَلَى لِسَانِ نَبِيِّكَ
- اے مولائے کریم میں اپنی بے چارگی اور حالات کی شدت کی فریاد تجھ سے کرتی ہوں، اے اللہ جو بات ہمارے لئے رحمت کا باعث ہوا سے اپنے نبی کی زبان سے ظاہر فرما